قولہ ۵۹ حکایت ایک مقام پر کتنا بدلو وارپڑا تہا الی قولہ نزہۃ المجالس کے باب الادب مین **اقول** یہ عبارت علاوہ بریں تیسری سطر تک زجر الشبان کے صفحہ ۱۰۵ کی عبارت ہی اور اسمین کچہہ کم وبیشی نہین ہے **جواب ص ۵** اس صفحہ مین سطر ۱۱ سے سطر ۱۴ تک زجر الشبان کے صفحہ ۱۲ و ۱۳ کی عبارت اڑائی ہوئی ہے اور سطر ۱۷ سے ۵ تک کتاب مذکور کے صفحہ ۱۶ کی عبارت چرائی ہوئی ہے **قولہ ۶۱** اسطرح کا کہنا اور ایسے ایسے کلمات زبان پر لانا اسی کا نام غیبت ہے **اقول** بہلا غیبت کی یہ تعریف کس کتاب مین لکہی ہے زجر الشبان ہی کے ص ۲ مین غیبت کی تعریف دیکہہ لیجیے اسکو تو سمجہہ سکتے ہونگے اور اگر نہ سمجہے تو اسکی اسقدر عبارتین مقامات شتی سے کیونکر چرالتے **قولہ ۱۲** غیبت کی سیکڑون برائیان قران مجید وفرقان حمید سے ثابت ہین **اقول** ہان البتہ مسلم ہے کہ قران پاک سے غیبت کی شناعت وممانعت باحسن الوجوہ ثابت ہے مگر سیکڑون کی تعداد دلیل طلب ہے اور کیا اچہا ہوتا اگر آپکا ظاہر وباطن یکسان ہوتا افسوس تو یہ ہے کہ آپ قولہ تعالیٰ یقولون بافواہہم ما لیس فی قلوبہم کے مصداق ہین جیسا کہ ایک ایہگت کا قصہ مشہور ہے بانیوبہ کہ اگر فی الواقع اپنے حسب تخیل غیبت کو آپ برا سمجہے تو رسالہ شہاب ثاقب وشمشیر مصطفے وغیرہ وغیرہ اور چند اشتہارات مین فضلائے الغیبۃ والمغلظات بیشمار اکاذیب ومفتریات فواحش واتہامات چہپوا کر خسر الدنیا والآخرۃ کیون بنتے ہو کہ دمہ مین انگشت نما ورزہر دلیون ہوتے آخر من الاحیاء والاموات جن شرفا کی نسبت آپنے گالیان لکہی الفاظ ناسزا رقم کین انکا کیا بگڑا اور کیا نقصان ہوا اور حق تو یہ ہے کہ جب حضرات انبیاء علیہم السلام پر آپکو اتہام باندہتے وسیر ہوئی کیا سمجہی بسر جا انشاء اللہ تعالیٰ پہر دوسرے کی نسبت آپ بہتان نہ باندہین اسکو کون مانتا ہے اور یہ امر کب باور ہو سکتا ہے **ص ۵** خوی بد در طبیعتے کہ نشست ندہد جز بوقت مرگ از دست جا اور یہ بہی یاد رکہیے کہ اتنے لوگون کی غیبت غیبت نہین ہے قال الفقیہ ابو اللیث فی التنبیہ ویقال ثلثۃ لا یکون لہم غیبۃ سلطان جائر وفاسق معلن وصاحب بدعۃ یعنی اذا ذکر فعلہم ومذہبہم من طریق النصح للمسلمین فلا باس لکی یحذرہم الناس فقد روی عن النبی صلعم انہ قال اذکروا الفاجر بما فیہ کی یحذرہ الناس انتہی اور بلکہ فاسق معلن وصاحب بدعت کی غیبت کرنیوالا ماجور عند اللہ ہے کما فیہ ان یغتاب فاسقا معلنا بفسقہ وصاحب بدعۃ فہو ماجور فی تلک الغیبۃ لان الناس یحترزون عنہ اذا عرفوا حالہ انتہی وفی الاحیاء قال رسول اللہ صلعم من القی جلباب الحیاء عن وجہہ فلا غیبۃ لہ وقال عمر لیس لفاجر حرمۃ واراد بہ المجاہر بفسقہ دون المستتر اذ المستتر لا بد من مراعاۃ حرمتہ وقال الصلت بن طریف قلت للحسن الرجل الفاسق المعلن بفجورہ ذکری لہ بما فیہ غیبۃ قال لا ولا کرامۃ لہ انتہی المطلب **ص ۶** ایسے لوگون کی غیبت کرنا درست ہے چنانچہ حضرت مولانا مولوی عبد الحی لکہنوی قدس سرہ رسالہ زجر الشبان مین فرماتے ہین امام نووی شرح صحیح مسلم اور غزالی احیاء العلوم اور کیمیائے سعادت مین اور صفوری نزہۃ المجالس اور فقیہ مطالب المومنین مین اور عینی عین العلم مین غیبت کی چہہ صورتین

النسب نسب کا ذکر اکثر شادی بیاہ کے معاملہ مین پیش آتا ہی اور اسی امر کی زیادہ تفتیش کی جاتی ہے تاکہ اختلاط شرفا و ارذل
نہو و علی الخصوص فی زماننا کہ اکثر ناکس بچ کو پیرایۂ شرفا یا لباس صلحا سے آراستہ و پیراستہ کرکے شرفا مین ملا چاہتے ہین
اور کبھی کبھی مل ہی جاتے ہین مگر بعد ازان بمصداق ع گندم از گندم بروید جو ز جو ۔ جب انسے حرکات و سکنات رذیلانہ
ظہور مین آتی ہین تب فساد واقع ہوتا ہے اور وہ نکالے جاتے ہین چنانچہ عرصۂ قلیل گذرا ہی کہ کلکتہ مین یہ واقعہ ہوچکا
ہی اور یہ قصہ طشت از بام ہی زبان زد خاص و عام ہے جسکو اسکی تحقیق منظور ہو اسکو چاہیئے کہ رسالہ ابر الصادق کی سیر کرے
کیفیت مختصر اسکی یہ ہی کہ برس بہی پورا نہوا تہا کہ وہ رذیل مردود درگاہ شریف ہوا الزام اس محل مین اس مسئلہ کو بیان کرنا مین
مناسب سمجہتا ہون کہ اگر کوئی رذیل یا فاجر کسی شریفہ یا صالحہ سے خطبہ کرے تو اس شریفہ یا صالحہ کا ولی اس امر مین جس شخص سے مشورہ
لے اگر وہ شخص خاطب کی رذالت یا اسکے فسق و فجور سے آگاہ ہو تو اسپر واجب ہی کہ بقصد نصیحت اسکی باتونکو بیان کرے
یہ غیبت نہوگی کما فی الاحیا وکذلک المستشار فی التزویج وایداع الامانۃ لہ ان یذکر ما یعرفہ علی قصد النصح للمستشیر لا علی قصد الوقیعۃ
فان علم انہ یترک التزویج بمجرد قولہ لا یصلح لک فہو الواجب فان علم انہ لا ینزجر الا بالتصریح بعیبہ فلہ ان یصرح بہ اذ قال رسول اللہ صلعم
اترعون عن ذکر الفاجر اہتکوہ حتی یعرفہ الناس اذکروہ بما فیہ حتی یحذرہ الناس وکانوا یقولون ثلثۃ لا غیبۃ لہم الامام
الجائر والمبتدع والمجاہر بفسقہ انتہی علاوہ ازین جناب جاب مقابل سے ابجا مین پوچہتا ہون کہ اگر آپکے نزدیک کسی کی حرمت کا
ذکر کرنا یا غیر شریف النسب کو غیر شریف النسب کہنا ہی غیبت ہی جیسا کہ صفحہ ۹ مین آپ تحریر فرماتے ہین کہ ایسے ایسی کلمات زبان
پر لانا اسیکا نام غیبت ہی انتہی تو پہر خود بدولت مایۂ رذالت نے صفحہ ۱۱ مین حضرات انبیا علیہم کی نسبت جو کچھہ خامہ فرسائی کی ہے
صرف غیبت کی داد دی ہی اگر ارشاد ہو کہ وہ غیبت نہین ہی تو عاجز عرض کرتا ہی کہ اسکے عدم غیبت کی جو دلیل آپ لائینگا انشاء اللہ
المستعان اسی سے مین یہ بہی ثابت کرونگا کہ حائک زادہ کہنا ہرگز غیبت نہین ہی کیا عجیب بات ہی کہ حضرات انبیا علیہم کی نسبت
بلا تامل سچ جہوٹہ آپ جو کچہ چاہین لکہہ جائین اور پہر بہی پکے دیندار بنے رہین اور آپکو جو حائک زادہ کہے اسپر غیبت کا الزام
لگایا جائے افسوس سلطنت اسلام نہین اور اہل اسلام مین حرارت اسلام کا نام نہین اگر کسیقدر بہی کچہہ حمیت ہی تو ایسے نقار
خانہ مین طوطی کی آواز کون سنتا ہی ؎ چونکہ گل رفت و گلستان شد خراب ۔ بوی گل را از کہ جوئیم از گلاب
ع گلاب خوری سے رہا باقی ہی نام اسلام کا ۔ قولہ ۲ جو کوئی اپنے کو سمجھے کا برا الخ اقول اسجا ۱۱ شعر و نیز آپنے جس مضمون کو درج
کیا ہی وہ مضمون جس کتاب کا ہی اگر اس کتاب کا نام اور اسکی اصل عبارت رقم کیجیے تو بیشک آپکی صداقت و دیانت کا مین بہی قائل
کرتا ہون ورنہ آپکی یہ جہوٹہی صدا کون سنتا ہی جو سنتا ہی وہی پہر مانگنے کہتا ہی جواب صفحہ ۱۰ اس صفحہ مین شروع سے صفحہ
مولف کے تک بندی کے کلام مین ۱۰ سطر ۱۱ سے کسیقدر سطر ۱۸ تک خارج عن المبحث غیر محل و ۱۰ سیتین مین ۱ سطر ۱۸ سے

علی منعم اغلیتبوء مقعدہ من النار واہ مسلم ای غور ہے کہ یہ شخص صرف کسیقدر اُردو جانتے پردین مین اسقدر اود ہم مچا ئے ہوئے ہے خدانخواستہ اگر یہ کچہ فارسی جانتا یا اسکو عربیت سے کچہ مس ہوتا تو واللہ اعلم یہ کیا غضب ڈہاتا گربہ مسکین اگر پر داشتے تخم کنجشک از جہان بر داشتے **قولہ** غیبت کسیکی بیان کرنی سخت گناہ ہے **اقول** اسیطرح روایت وضع کرنی بہی سخت گناہ ہے اور فاسق معلن و صاحب بدعتی کی غیبت مین ثواب ہے کما مصرح **قولہ** چہوٹی قوم کہکر ذلیل نکرین **اقول** اگر چہوٹی قوم کو چہوٹی قوم نکہین تو کیا بڑی قوم کہین اچہا بقول آپکے اگر بڑی قوم کہین تو دراصل جو بڑی قوم ہے اسکے لوگونکو کیا کہین آپ ہی بسند معتبر ما بہ الامتیاز کچہ بتلا دیجئے کیونکہ چہٹائی بڑائی تو سلف سے چلی آتی ہے اور اوپر ہم ثابت کر چکے ہین کہ

شرافت نسب نعماء باریتعالی سے ہے و فی العزیز یعنے کہ بر پدران باشد در حق پسران بالا ولی نعمت خواہد بود زیراکہ اگر آن

نعمتہا منی بود و نسل آنہا جاری نمیشد و پسران بوجود نمی آمدند و نیز پسران را انتساب بچنین پدران کہ حق تعالی آنہا را نعمتہای عمدہ خاص کردہ باشد فخر ست عظیم الخ **قولہ** ورنہ گناہ کبیرہ کے مرتکب ہونگے **اقول** یہ کس کتاب مین لکہا ہے اس کتاب کی اصل عبارت نقل کیجیے **جواب** اس صفحہ مین حضرت مولف نے کچہ اپنے گلشن تک بندی کی بہار دکہلائی ہے کسی کتاب کی عبارت وغیرہ نہین چرائی ہے **قولہ** شیطان جو تباہ و خراب ہوا اسی سبب سے ہوا الی قولہ تکبر از سر را خوار کرد الخ **اقول** بیشک تکبر کے باعث شیطان خستہ و خراب ہوا اور معتاب ہوا کقولہ تعالی ابی و استکبر و کان من الکافرین مگر کبر صادق نہین آتا صورت مذکورہ پر فی الاحیاء ولا یتصور ان یکون متکبرا الا ان یکون مع غیرہ و ہو یری نفسہ فوق ذلک الغیر فی صفات فعند ذلک یکون متکبرا ولا یکفی ان یستعظم نفسہ لیکون متکبرا فانہ قد یستعظم نفسہ ولکنہ یری غیرہ اعظم من نفسہ او مثل نفسہ فلا یتکبر علیہ ولا یکفی ان یستحقر غیرہ فانہ مع ذلک لو رای نفسہ احقر لم یتکبر و لو رای غیرہ مثل نفسہ لم یتکبر الخ و قال علیہ السلام الکبر من بطر الحق و غمص الناس رواہ مسلم فی مجمع البحار الکبر من بطر الحق ای کبر من بطرہ اوذو الکبر طای جعلہ کما جعلہ اللہ حقا باطلا اولا یراہ حقا و لا یفعل خیرا قولہ الرجل یحب ان یکون ثوبہ حسنا انما سالہ لما رای العادۃ فی المتکبرین لبس الثیاب الفاخرۃ و جمیلا نار فاجاب ان لا ان یری نعمۃ علیہ ان یعظم شعائرہ کقولہ خذوا زینتکم فہو جمال وان کان للاشر فہو اختیال انتہی احیا کی عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ جو شخص اپنے کو کسی سے اعلا اور کسی سے ادنی اور کسیکا ہمتا سمجہے وہ متکبر نہین ہے جیسا کہ مثلا کوئی شخص خاندان علویہ سے اپنی کو باعتبار نسب اولاد فاطمہ و خلفاء ثلاثہ رض سے کمتر اور دیگر انساب سے بہتر اور جمیع علویہ کو برابر سمجہے تو وہ ہرگز متکبر نہین ہے و افہم العاقل تکفیہ الاشارہ اور حدیث مسلم و عبارت مجمع سے بحسن الوجوہ ظاہر ہے کہ تکبر مین انکار یا ابطال امر حقی یا نیت اشر شرط ہے اور اگر کسی شخص کو منعم حقیقی کوئی نعمت عطا کرے اور وہ اسکو نعمت سمجہکر اسکا اظہار کرے تو یہ بہی تکبر نہین ہے پس نعمت شرافت نسب و نعمت علم وغیرہ کو بہی اسی قیاس کرنا چاہیے اور یہ قاعدہ مستمرہ ہے

فانه یحتاج الی التوبة فی ثلث مواضع احدها ان یرجع الی القوم الذین تکلم بالبهتان عندهم فیقول انی قد ذکرته عندکم بکذا وکذا فاعلموا انی کنت کاذبا فی ذلک والثانی ان یذهب الی الذی قال علیه البهتان ویطلب الرضی عنه حتی یجعل فی حل منه والثالث ان یتوب کما سبق فی حقوق الله تعالی فلیس شیٔ من العصیان اعظم من البهتان الخ اور اگر آپ نصیحت نہ مانئے تو آپکا نفاق ظاہر ہے اور منافقین کی شان مین اللہ پاک فرماتا ہے ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار الآیة اور خداوند تعالی یہہی فرماتا ہے یا ایہا الذین آمنوا لم تقولون ما لا تفعلون ؎ من آنچہ شرط بلاغ ست با تو میگفتم تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال ؛ **قولہ ۲** کسی کتاب سے ثابت نہین **اقول** بہلا آپ بیچارے ایک جاہل آدمی کتابکو کیا جانین اچہا بہلا بتلائے تو سہی کہ گلستان و بیزان و منشعب آپنے کس سے پڑہی ہے اجی حضرت آپ کون ثالاب کے جہلا کو اپنا سا تک دکہلائے مگر دانائی کے سامنے کو کچہ نہ چہپائے **قولہ ۳** تا از زنگ شرافت سے آئینہ دلکی صفائی حاصل ہو **اقول** کیون حضرت آپ شرافت سے اسقدر بیزار کیون ہین اسنے آپکا کیا بگاڑا کیا آپکے نصیب مین نہتی تو کیا آپ محروم رہے اسکو کیا کیجے گا یہ اپنی اپنی قسمت ہی اسیجا جو آپ ناک بہون چڑہا کر نشہ جام رذالت مین بیچاری شرافت کو زنگ بتلا رہے ہین حتی کہ اس سے آئینہ دلکو صاف کرنیکو فرما رہے ہین جسکا مفہوم یہ ہے کہ جسمین شرافت ہو وہ زنگ آلودہ ہی یہ تو دریدہ دہنی ہو کہ روی زمین کے تمام شرفا کی ماضی و مستقبل و حال کو آپ گالی دے رہے ہین یہ کس کتاب مین درست ہی اور یہ کیسی آدمیت ہی گو آپ رذیل ہین مگر بوجہ رذالت کو عزیز سمجہتے ہین سمجہئے اسکو کون منع کرتا ہی مگر شرافت کو زنگ کہنے والے آپ کون ہین خدا آپ کو اتنا تو خیال کیا ہوتا کہ ضد شرافت رذالت ہے پس جسمین شرافت نہو گی اسمین لابدی رذالت ہو گی اب بتلائی آپ قرآن شریف کیون کہتے ہین بیت اللہ شریف کیون کہتے ہین کیا اسکو نعوذ باللہ زنگ آلودہ سمجہتے ہین اگر یہی نہین تو پہر شرافت زنگ کیونکر ہی اور اسکے بلند شرفا کے آئینہ دل مکدر کس دلیل سی ہونگی نعوذ باللہ من الجہل والجاہلین ؎ حد خود بشناس در بالا مپر تا نیفتی در نشیب شور و شر **قولہ ۴** مسلمان وہی شخص ہے کہ اسکے ہاتہہ و زبانسے کسی مسلمان کو اذیت نہو **اقول** ذرا بنظر انصاف دیکہئے آپکی اسی قول سی یا حسن الوجوہ ثابت ہے کہ خود بدولت ہرگز مسلمان نہین ہین کیونکہ کسیکو زبان سی برا کہنا یا لکہکر برا کہنا برابر ہی کما فی الاحیاء وکذا الغیبة بالکتابة فان القلم احد اللسانین انتہی بلکہ لسانا کسی کی نسبت برا کہنا زیادہ برا ہے اسواسطے کہ جبتک وہ مکتوب رہیگا کاتب پر اسکا وبال ہو اور گناہ بڑہا کریگا اب دیکہئے اسی رسالہ مین آپکی زبان سی نہ حضرات انبیاء علیہم السلام بچے نہ علما بچے نہ شرفا بچے باینطور کہ حضرات انبیاء علیہم پر ص۱۲ مین کیسے بیجا بہتان باندہا ہے اور ص۱۳ و ص۱۴ مین حضرت قاضی ثناء اللہ و حضرت شاہ عبد العزیز قدس سرہما پر اتہام کیا ہے باین صورت کہ ان بزرگون نے فلان فلان کتابون مین فلان فلان باتین لکہی ہین اور ان کتابون مین وہ باتین نہین ہین پس اس اعتبار سے علما نہ بچے اور ص۱۱ مین نفس شرافت کو زنگ لکہا ہے جس سے عامہ شرفا کو برا کہنا ثابت ہی اس اعتبار سی حضرات شرفا

جنکو بالتصریح مین بیان کرچکا ہون پہر انکا اعادہ تطویل لاطائل ہے **قولہ ۱۹** اپس جو لوگ شیطان کی تابعداری و فرمانبرداری
کرتے ہین وہ لوگ اسکے ساتھہ اٹہائے جائینگے **اقول** بیشک آمنا و اسلمنا اور عجب نہین کہ انلوگو نمین نمبر اول کے مستحق
آپ ہی ٹہرائے جائین یا منصب علمبرداری سے سرفراز فرمائے جائین کیونکہ آپ حضرات انبیاء علیہم السلام پر بہتان باندہتے ہین یہ
شیطان کی پیروی ہے آپ دو تین روایتونکو تراش خراش کر ایک روایت بناتے ہین یہ شیطان کی پیروی ہے آپ اپنے باپ
کو باپ نہ بتلا کر دوسرے شخص کو باپ بتلاتے ہین یہ شیطان کی پیروی ہے آپ اکثر اکاذیب بکا کرتے ہین یہ شیطان کی
پیروی ہے آپ مطلقہ ثلاثہ کو حلال کہتے ہین یہ شیطان کی پیروی ہے آپ اہل فضل کے فضل کو نہین مانتے ہین سبکو برابر
کہتے ہین یہ شیطان کی پیروی ہے آپ کتابون کا جہوٹہ حوالہ لکہا کرتے ہین یہ شیطان کی پیروی ہے آپ شرافت کو ننگ کہتے
ہین یہ شیطان کی پیروی ہے مختصر او بخوف طوالت مین صرف آٹہہ باتون پر اکتفا کرتا ہون اور اپنے ہر دعوا کا پتا بہی بتلاتا ہون
تاکہ آپکی طبع ضد اقدس کو کچہہ ملال نہو اور انکے سوا شیطان کی جسقدر تابعداریان آپنے کی ہین وہ سب اسکے کہاتے مین موجود
ہونگی بروز محشر ملتے وقت ملاحظہ فرمالیجے گا خیر اب میرے آٹہون دعونکے پتے سنئے اول بات کو تحفۃ العرشی کے ص۱۲ مین اور
دوسری بات کو اسیکے ص۸ مین اور تیسری بات کو اسیکے صفحہ ۳ کے حاشیہ پر اور چوتہی بات کو شہاب ثاقب و شمشیر مصطفے وغیرہ مین
اور پانچوین بات کو اپنی تیغ بیقصور کے صفحہ ۱۰۶ مین اور چہٹہین بات کو تحفۃ العرشی کے صفحہ ۴۵ مین اور ساتوین بات کو
اسیکے صفحہ ۱۳ مین اور اٹہوین بات کو اسیکے ص۱۱ مین ملاحظ فرمائیے **شعر** شیرین لبونکو چہیڑکے سنتا ہون گالیان ؛ اسکا
مزا وہ جانے جو عاشق مزاج ہو **قولہ ۷** اور کسی مسلمان دیندار کے ساتھہ تمسخر کرنے سے باز رہین **اقول** تخصیص دیندار کی
صاف ظاہر ہے کہ حضرت مولف کے نزدیک مسلمان غیر دیندار سے تمسخر درست ہے وہذا باطل لان قال اللہ تعالیٰ لا یسخر قوم من
قوم اس آیت مین تخصیص دیندار کی نہین ہے **جواب ص۱۱ قولہ** اور کسیکی عیب گیری سے منع فرمایا کسی شخص کو ناحق عیب
لگاؤ اور نہ کسیکا عیب ظاہر کرو الخ **اقول** معلوم ہوتا ہے کہ کقولہ تعالیٰ یقولون بافواہہم ما لیس فی قلوبہم آپ بات
کہتے کچہہ ہین اور یقین رکہتے کچہہ ہین کیونکہ اگر فی الواقع حضور ان امور کو بڑا گناہ سمجہے تو رسالہ شہاب ثاقب وغیرہ کیون لکہتے کہ
آج شرمندہ ہوتے اور ابہی روز قیامت کی خجالت و ندامت تو باقی ہے غرض آپکی تحریرات مطبوعہ سے اظہر من الشمس ہے
کہ ان امور مین آپکو ید طولا حاصل ہے فی زمرۃ الشبان **شعر** کار شیطان میکند نامش ولی ؛ گر ولی اینست لعنت بر
ولی ؛ اب مین آپکو ہدایت کرتا ہون کہ اب بہی آپ اپنا عقیدہ اپنے اس قول کے موافق کیجیے اور اس بڑے گناہ سے توبہ کا جو
طریقہ ہے اوسی طریقہ سے اس سے توبہ کیجیے تاکہ شاید بروز محشر آپکے مخلصی کی کوئی صورت ہو ورنہ صاحب یہ حق العباد ہے بندگان
خدا پر بیہودہ ہی فافہم اور اسکے توبہ کا طریقہ یہ ہے فی شرح الفقہ الاکبر لملا علی قاری رح اما اذا کان بہتانا بان لم یکن فیہ

المنافقین لا یعلون **قوله** دوسرونکو اچھا سمجھتے ہیں **اقول** جسمین جسقدر زیادہ فضیلت پاتے ہین اسکو اچھا سمجھتے ہین لقوله علیه السلام

انما یعرف الفضل لاهل الفضل ذو الفضل کذا فی الصواعق اور کسی بزرگ کا تواضعًا اپنے کو برا کہنا یا مزاحًا عن البحث ہی **قوله**

۹۱ اگر کسی خدا پرست بزرگ نے **اقول** تخصیص خدا پرست سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت مولف کے نزدیک جمیع بزرگان دین نعوذ باللہ

خدا پرست نہ تہے الی عجب زجاہل ناید جز افعال بد کز و نشنود کس جز اقوال بد **قوله** حقارت کرنا مسلمان دیندار کی **اقول** مسلمان دیندار کی

کی تعریف کیا ہے اور جواب قول ۱۴ مین جنلوگونکی کچھہ حرکتین بیان ہوئی ہین شرعًا وہ مسلمان ہی نہین ہین دیندار چہ معنی دارد **قوله** ۹۳ جو ہو

قوم کہنا جائز ہی تو وہ دکھلادین **اقول** کون بڑی بات ہے بسم اللہ ان ہو دیکہیے فی المصنوع لملا علی قاری رح صغار قوم کبار قوم

آخرین من قول بعض الصحابة رض انتهی وفی مجمع البحار فی نبائی الصعیر والکبیر ای بنامی الوضیع والشریف انتهی وفی الغیاث وضیع بفتح

واو وکسر ضاد معجمه وعین مهمله بروزن فعیل فرومایه وناکس از منتخب وکشف وصراح انتهی فافهم **قوله** ۹۴ میرے اس رسالہ کا

جواب لکہین **اقول** الحمد للہ بفضلہ تعالی جیسے آپکے رسالہ ضلالت مقالہ کا وہ عمدہ جواب لکہا ہی کہ شاید و باید مگر افسوس تو یہ ہی کہ آپ

بیچارے جاہل آدمی اسکی عمدگی کو کیا سمجھینگے بجز اسکے آپسے کچھہ نہین ہو سکتا کہ بنام جواب کچھہ ہذیان لکہکر چہپوائینگے کہسیانی بلی کہنبا نوچے

اس مثل کو عمل مین لائینگے مگر ہان آپکے گرد مولوی قصوری صاحب اسکو دیکہکر حال مین آئین وجد فرمائین تو عجب نہین کیونکہ انکو اسکے سمجھنے

کی لیاقت ہی اتنی حیثیت ہے اور یہ ہی تعجب نہین کہ آپ پر بر سر منبر ہزارون نفرین کرین اور اگر کچھہ عقل ہوگی اور اہلبیت نبوی صلعم

سے واقعی محبت دلی رکھتے ہونگے تو آپکو اپنی مجلس سے بدر کرینگے اور تمادت العمر پہر کبہی بار نہ دینگے ہداہ اللہ تعالی الی سواء السبیل

قوله ۹۵ ورنہ اپنی خام خیالی و غلط فہمی سے باز آوین **اقول** آپ خام خیال و غلط فہم ہین یا حضرات شرفا خام خیال و غلط فہم ہین

جانبین کی تحریر وتقریر سے ظاہر ہے مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید **قوله** ۹۶ حضرت محبوب سبحانی الخ **اقول** چند بزرگان دین کے نام

کا سیاہہ لکہدینے سے لوگ یہ نہین سمجھہ سکتے ہین کہ ذات شریف بہی کوئی پڑہے لکہے آدمی ہین بفضلہ تعالی آپکی مکاری و عیاری کذابی

و ریاکاری چار دانگ مین مشہور ہے مشتہر نہ دماغ دوری **قوله** ۹۷ ہم ان لوگون سے پوچھتے ہین **اقول** کن لوگون سے

حضرات شرفا سے بہت خوب اچھا اب ذرا مہربانی فرماکر ہر دو گوش ناحق نیوش سے پنبہ سفاہت نکالئے اور انکی جانب کا جواب

اصغا فرمائیے کہ شرافت نسب بہت بڑی نعمت ہے اور نہایت عمدہ موہبت ہے خدا جسکو چاہتا ہے اسکو یہ دولت عطا فرماتا ہے

سبکو نصیب نہین علی الخصوص حضرات اہلبیت نبوی صلعم کا نسب تمام روی زمین کے انساب سے اعلا و افضل ہے

اور بروز قیامت بہی یہ منتفع ہوگا کما فی الصواعق صح عنہ صلعم انہ قال علی المنبر ما بال اقوام یقولون ان رحم رسول اللہ صلعم

لا تنفع یوم القیامة بلی واللہ ان رحمی موصولة فی الدنیا والآخرة الخ اور بروز جزا معاملہ شفاعت مین بہی اہلبیت ہی کو

تقدم حاصل ہوگا کما فی الصواعق واخرج المخلص والطبرانی والدارقطنی اول من اشفع له اهل بیتی ثم الاقرب فالاقرب من قریش

نے بچے سے اگر یہی بے خبری حضرت والا ہو گی تار پود پدری سب ٹیڑھا ہو گی قولہ حکایت ہے حضرت لقمان ایک شخص کے غلام تھے الخ اقول لفظ حکایت سے ص۱۲ کی ۸ سطر تک زجر الشبان کے ص۲۵ و ص۲۶ کی عبارت ہو صرف پانچ چھ لفظوں میں تبدیل و تغیر ہی جواب ص۱۲ اس صفحہ کی سطر ۹ تک زجر الشبان کی عبارت ہے کما مر آنفا قولہ صوفیان کرام کی کتابوں کو بغور ملاحظہ کرنا چاہیے اقول بفضلہ تعالیٰ صوفیان کرام کی بہت سی کتابیں راقم سطور کی نظر سے گذری ہیں اور سب میں یہی پایا کہ فلان کو فلان پر فضیلت ہے اور فلان کو فلان پر تفضیلت ہے اذا تقرر فی الصواعق و فی توشیح زرق الیمان للباری عن الامام العربی ما حاصلہ ان خواص العلماء یجدون فی قلوبہم مزیۃ تامۃ لمحبۃ صلعم ثم محبۃ ذریتہ لعلمہم باصطفائہم لظہم الکرمیۃ ثم اولاد العشرۃ المبشرین بالجنۃ ثم اولاد بقیۃ الصحابۃ وینظرون الیہم الیوم نظرہم الی آبائہم بالامس لجوارہم وینبغی الاغضاء من انتقادہم ومن ثم ینبغی ان الفاسق من اہل البیت لبدعۃ او غیرہا انما تبغض افعالہ لا ذاتہ لانہا بضعۃ من صلعم وان کان بینہ وبینہا وسائط واخرج ابو سعید فی شرف النبوۃ وابن المثنی انہ صلعم قال یا فاطمۃ ان اللہ یغضب لغضبک ویرضی لرضاک فمن آذی احدا من ولدہا فقد تعرض لہذا الخطر العظیم لانہ اغضبہا ومن احبہم فقد تعرض لرضاہا واذا اخرج العلماء بانہ ینبغی اکرام سکان بلدہ صلعم وان تحقق عنہم ابتداع ونحوہ رعایۃ لحرمۃ الجوار الشریف فما بالک بذریتہ الذین ہم بضعۃ منہ انتہی قولہ تاکہ ہدایت و نصیحت ہو اقول یہ بہت اچھی بات ہے اور والا میں بھی یہی چاہتا ہوں کہ حضرت ہادی حقیقی اپنی فضل و کرم سے آپکو راہ ہدایت دکھلائے چاہ ضلالت سے نکالے جتنی باتیں مدللہ جیسے لکھی ہیں آپکی ہدایت کو یہ کافی ہیں اگر اب بھی آپ گمراہ کے گمراہ ہی رہیں صراط مستقیم پر نہ آئیں یعنی سبکو اپنی برابر جانیں ایک کو ایک پر فضیلت کو نہ مانیں تو اسمیں انسان مجبور ہے وہ مودود رب غفور ہے انک لا تہدی من احببت ولکن اللہ یہدی من یشاء قولہ آجتک کسی عالم یا کسی بزرگوار نے کسی قوم کی حقارت کی ہو یا نہیں اقول ہو گرد گستاخان مثال مولوی تصور حسین صاحب کو تو عالم کیا سمجھا اپنی رسالہ پند قدسی میں جو آپ لکھ چکے ہیں اسکا انکار تو آپ کر ہی نہیں سکتے اب یاد کیجئے کہ ۱۳ شوال ۱۳۰۵ھ روز یکشنبہ کو محلہ بازار سہل صاحب میں برسر منبر آپکے ولی نے آپکی قوم یعنی حائکین کی شان میں کیا کیا کلمے حقارت کے بیان کئے تھے اور اس بزم میں آپ بھی شریک تھے اگر یاد نہ ہو تو والد ماجد مد ظلہ کے رسالہ شمس الہدیٰ کو ملاحظہ فرمائیے فی مجمع البحار عن علی رفعہ لیس ادیانتکم ... انتہی ملاحظہ کیجئے اس عبارت سے آپکے قوم کی کیسی مدح ثابت ہوتی ہے اور آپکے نزدیک اسکے قائل بزرگان دین سے ہیں یا نہیں آخر صاحب مجمع البحار کی نسبت آپ یہ نہیں کہہ سکتے ہیں کہ وہ عالم یا بزرگ نہ تھے قولہ ۶۹ وہ لوگ کبھی نہیں سب سے برا جانتے تھے اقول اولا جواب قول ۸ و ۹ وغیرہ کو دیکھئے ثانیا سب میں کفار قوم چمار وغیرہ بھی ہیں بس کیا وہ لوگ قولہ تعالیٰ انما المشرکون نجس کو حق نہیں جانتے تھے نعوذ باللہ من ذلک حضرات مومنین کی نسبت جو ایسا اعتقاد رکھتا ہے ہمکو اسکے اسلام میں کلام ہے لان قال اللہ تعالیٰ وللہ العزۃ ولرسولہ وللمؤمنین ولکن

روایت صحیح ثابت نکرے ہرگز آدم عم کا کپڑا بننا ثابت نہیں ہو سکتا ہے اور بلا سند معتبر حضرت آدم عم کیجانب اس امر کا منسوب
کرنا لاریب خطا ہی اور مولف نے یہ جو لکھا ہی کہ حضرت شیث عم نے کپڑا بنا ہے یہ حضرت شیث عم پر اوسکا صریح افترا ہے
بہتان سراپا ہی اور فتح العزیز پر بھی بہتان ہی کیونکہ اوسمین اس مقام پر حضرت شیث عم کا ذکر ہی نہین ہی اور مولف اگر اردو
تحفۃ الاتقیا ہی کو دیکھہ لیتا تو بھی یقین تہا کہ حضرت شیث عم پر یہ بہتان نہ باندھتا کیونکہ تحفۃ الاتقیا مین لکھا ہی کہتے ہین انکے
یعنے حضرت شیث عم کے) بہائیون مین جتنے بہائی تھے اس مین سے دس بہائی انکے ساتھ کاروبار دنیاوی مین شریک ہو کر
آپ کچھہ کام او محنت کرتے جب کوئی چیز حاصل ہوتی یا وقت زراعت کا ہوتا تب انکا حصہ گہر مین پہنچا دیتے الخ اور حضرت نوح
عم کی نسبت فتح العزیز مین یہ عبارت مرقوم ہی وحضرت نوح عم چندے شبانی گوسپندان میکرد انتہی لفظ چندے [illegible]
من الاسن ہے کہ چند دنون آپ نے یہ کام کیا ہی متکلم نے لکہا ہی کہ حضرت [illegible]
چنانچہ بیسوین پارہ مین اس قصہ کو اللہ پاک نے بالتصریح ارشاد فرمایا ہی [illegible]
جو دعوا کیا ہی اسمین بہی حضرت عیسی عم پر اور نیز فتح العزیز پر بہتان باندہا ہی اور لطف یہ ہی کہ فتح العزیز ہی کی عبارت [illegible] کی
تکذیب ظاہر ہے [illegible] حضرت عیسی عم سیاحی [illegible] از نقد وجنس برائے
فردا ذخیرہ نمی نمودند ومی گفتند ہر کہ طعام چاشت خورانیدہ است طعام شام نیز خواہد خورانید [illegible] طعام شام خورانیدہ
طعام چاشت ہم خواہد خورانید با اینہمہ سیاحت وسفر تمام شب [illegible]
مین آپکے مسیح لقب ہونیکی چند وجہین ہین ازانجملہ یہی ہے وقیل کان یسیح فی الارض اور جناب سید المرسلین خاتم النبیین
سرور عالم صلعم کی نسبت فتح العزیز کی اصل عبارت یون ہی وحضرت محمد رسول اللہ صلعم حرفت ایشان جہاد بود حق تعالی او را حرفہ
عمر رزق ایشان را زیر سایہ نیزہ ایشان گردانیدہ بود انتہی پس مولف نے یہ جو لکھا ہی کہ آنحضرت صلعم نے حرفت مزدوری
کی ہی یہ اسنے جناب محمد مصطفے علیہ الصلوۃ والثنا پر صریح بہتان باندہا ہی اور شان نبوی صلعم مین عیب لگایا ہی کیونکہ بہتان
گفتگو حرفت مین ہی چنانچہ وہ خود لکھتا ہی یہ سب پیشے پیغمبرون نے کئے ہین انتہی اور جناب محبوب خدا علیہ الصلوۃ والثنا نے
یہ حرفت کبھی نہین کی ہی اور وہ جو حرفے کی روایت مشہور ہے وہ موضوع ہی [illegible] والبرہان
کہین یہ مولف خر عیسی کی صحبت مین کرشتان تو نہین ہو گیا ہے کہ حضرت سید عالم وعالمیان شفیع ہر دو جہان کی شان
رفیع المکان مین بلا تامل ایسے ایسے کلمات گستاخانہ والفاظ مرتدانہ زبان قلم سے لکہتا ہی اور تحریر اور تقریر اشاعت کرکے عوام
کالانعام کو گمراہ کرتا ہی انکے ایمان تباہ کرتا ہی شرعا ایسا شخص ہرگز مسلمان نہین ہی کافر ہے اور ایسا کافر کہ واجب القتل ہی کیونکہ
اسنے گویا حضرت خیر الانام علیہ السلام کو گالی دی ہی کما فی الشفا قال القاضی ابو الفضل رض اعلم وفقنا اللہ وایاک ان جمیع من

حضرت آدم عم کو جولاہا کہا جس سے استخفاف لازم آیا اور استخفاف بالنبی کفر ہے کما فی نصاب الاحتساب او قال یا همه ببین جولاہ بچگان با نیم عقیب قول غیرہ ان آدم عم کان ینسج الکرباس لانہ استخف بنبی اللہ آدم عم انتہی قولہ ۱۰۲ جس پیشہ کی تعریف قرآن و حدیث و فقہ اصول چاروں سے ثابت ہوا اقول اللہ جوری اور واہ رے سینہ زوری بلا دروغ بیفروغ کی بھی کوئی حد ہے اول تو تعریف ثابت ہوا حضرت کی شاعری کا ثمرہ ہے دوم تعریف کا ثابت ہونا کس قدر بیجا دعویٰ ہے حضرت نے زجر الشبان وغیرہ کی عبارتیں چرا چرا کر اپنے رسالہ میں من اولہ الی آخرہ جو کچھ آیتیں اور تین چار حدیثیں لکھی ہیں انہیں کہیں جولاہا کی لفظ تک نہیں ہے نہ تعریف چہ معنی دارد اور کتب اصول فقہ کا نام تک اس رسالہ میں نہیں ہے اگرچہ تو بلا مفسدہ کا ایک جھوٹا حوالہ ہی عبارت کا ذکر کیا ہے اسیرۃ سوا اسکے کالنبا چوڑا دعویٰ نعوذ باللہ من الکذب والکاذبین افسوس ایسے مفسد فی الدین الکاذب الکاذبین کو کچھ خوف خدا ہی نہ پاک رز حیا ہے نہ ذرا شرم و حیا ہی ایسا اس مثل کے یاد کرنیکا محل ہے کہ تا جحہ مر گئے اس جھوٹے کو بچا رہی تھا جواب صفحہ ۱۱۷ اس صفحہ میں مولف نے بعض بعض لفظ گھٹا بڑھا کر سطر ۱ سے سطر ۱۵ تک رسالہ کسب النبی کے صفحہ ۵ کی عبارت چرائی ہے اور سطر ۱۵ سے کے بقیہ سطر ۱۸ تک اسی رسالہ کے صفحہ ۶ کی عبارت اڑائی ہے قولہ ۱۰۳ تفسیر فتح العزیز میں لکھا ہی کہ حضرت آدم عم اور حضرت شیث عم نے کپڑا بنا ہے اور کھیتی کا کام کیا ہی الی قولہ اور حضرت موسیٰ عم بکریاں چراتے تھے الی قولہ اور حضرت عیسیٰ عم خیاطی کرتے تھے اور بعضوں نے کہا ہے کہ کپڑا رنگتے تھے اور ہمارے حضرت سلطان الانبیا حضرت محمد مصطفی صلعم نے بکریاں چرائیں اور کبھی مزدوری کی ہے اقول اس جگہ حضرت مولف ہداہ اللہ نے تفسیر فتح العزیز کی عبارت میں کیا کیا رستا نیا کی ہیں کہ جس کی کبھی چراچوریاں کی ہیں حضرات ناظرین مصنفین و سامعین معدلت قرین پر لازم بلکہ واجب ہے کہ چشم انصاف ملاحظہ کریں اور بگوش ہوش سنیں حضرت آدم عم کی حرفت کی نسبت تفسیر مذکور کی اصل عبارت یوں ہے و دیلمی در مسند فردوس بروایت انس بن مالک آورده که اول من حاک آدم عم یعنی اول کسیکہ جولاہا پا بافتند گی شروع کرد حضرت آدم اند و حاکم از ابن عباس روایت کرده و ابن عساکر نیز کہ کان آدم حراثا یعنی حضرت آدم مشغول بزراعت بودند و معاش خود از ہمین حرفت کسب میکرد انتہی اس عبارت سے ظاہر من الشمس ہے کہ حضرت آدم عم کی حرفت زراعت تھی نہ بافندگی اور خود شاہ صاحب ہی کے کلام سے اول حدیث ساقط الاعتبار ہے بایں طور کہ شاہ صاحب اس روایت کو دیلمی کی فردوس سے نقل فرماتے ہیں اور دیلمی مصنفین معتبرین سے نہیں ہیں اور نہ انکی فردوس کتب معتبرہ سے ہے چنانچہ خود شاہ صاحب علیہ الرحمہ بستان المحدثین میں دیلمی اور انکی فردوس کی نسبت فرماتے ہیں اما در اتقان معرفت و علم او قصور بہت در سقیم و صحیح احادیث تمیز نمیکند لہذا درین کتاب او موضوعات و واہیات توده توده مندرج اند انتہی اب وقتیکہ کوئی شخص کتب معتبرہ سے ماخذ فیہ میں کوئی

تقریظ از جناب فضیلت مآب مولوی ابو المحمود محمد عبد الحمید صاحب بسملوی اعلیٰ سہارنپوری سلمہ الباری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

طالبانِ مسلکِ حق شکر گویان آئی | ایہا الاشراف ہدیہ لیجیے ہان آئی

الوف الوف حمد و ثنا اوس قادر بیچون و چرا کو لایق و سزاوار ہے جسنے اپنی قدرت کاملہ سے بیک کن دو کون کو
پیدا کیا اور انسان ضعیف البنیان کو تمام مخلوقات پر شرف بخشا اور ہزار ہزار تحیات زاکیات و سلام و صلوات
اوس حبیب خدا اشرف الانبیا کو عزیب زیبا ہے کہ قرآن مبین مین جنکی مدح سرائی انما ہے تعریف بشیرا و نذیرا
ہے اور انکی آل اطہار و اصحاب اخیار پر خداوند تعالیٰ اپنی رحمت کاملہ نازل فرمائے جنکی حسن سعی بلیغ و جہد کامل کی دولت
اسلام کی شمشیر جلی شوکت اسلام عالمگیر ہوئی ۔ شکر خدا انعت نبی مدح آل ۔ ہو وے جو انسان سے ادا کیا
مجال ۔ اما بعد جمیع ارباب بصیرت و سائر اصحاب خبرت پر ہویدا و پیدا ہو کہ اس دین متین شرع مبین کا محافظ و نگہبان
خدا ہے اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ قرآن مین موجود ہے اور معاونین دین کو یہ مژدہ ہے وَلَيَنصُرَنَّ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ جسکے
اسکے مصداق وہ حضرات علما ہین جو ترویج امور حقہ مین ساعی رہا کرتے ہین اپنی عمر عزیز کو اسی کار خیر مین بسر کیا کرتے ہین
یعنے جہان منافقین مفسدین فی الدین سے کسی مفسد نے کچھہ سر اٹھایا فساد کا کوئی رنگ جمایا فی الفور اسکا قلع قمع
کیا اسکے فساد کو بڑھنے نہ دیا جہان کسی دنیا خر دین فروش نے کچھہ چھپوایا وہین اشہب خامہ کو اٹھایا اور بدلائل ساطعہ
و براہین قاطعہ اسکو ہبآء منثورا بنایا غور کرنیکا مقام ہے کہ کیا کیا خون جگر پیکر اور کیسی کیسی محنت و عرقریزی سے وہ
کام کرتے ہین گویا جہاد بسیف القلم صبح و شام کرتے ہین ورنہ آج وہ دور ہے اپنا ہی زمان کا وہ طور ہے کہ مسلمانونکے ہاتھ سے
وہ نعمت عظمیٰ یعنے دولت اسلام جو مصداق قولہ تعالیٰ علیکم نعمتی ہے نکل جاتی دست تطاول مفسدین فی الدین انسان
صورت شیطان سیرت سے سلامت نہ بچتی مگر بافضال فضال حقیقی و بطفیل شرف الانبیا ہاشمی و ترشی ہر مہینے مطلع نہین ہر گوشہ
برکت سے بچی ہوئی ہے ہدایت بڑھی ہوئی اور ضلالت گھٹی ہوئی ہے جزاہم اللہ عنا و عن سائر المسلمین الی یوم الدین سے
دیکھئے کس کس بلا سے بچ گئے اہل سنن ۔ شکر ہے لا ریب مفسد بفضل ذو المنن ۔ والحمد للہ علیٰ ذلک حمدا کثیرا اعلیٰ اطہر
کہ ان دنون جناب مولوی خیر الدین قصوری صاحب نزیل کلکتہ کے زمرۂ معتقدین و مرید ہین اور ایک شخص سفیہ جاہل مطلق
دین علی نامی عرف عزیز الرحمٰن نے تحفۃ العرشی نامی ایک رسالہ چھپوایا ہے اسمین یہ وہم دلایا ہے کہ تین حضرات انبیاء علیہم السلام پر بہتان
صریح باندھا ہے کذب قبیح سے کام لیا ہے تفسیر فتح العزیز و مالابد منہ پر اتہام کیا ہے ارباب فضل کے فضل کا منکر ہوا ہے
شرافت کو ننگ لکھا ہے سادات و غیر سادات یعنی جمیع شریف و رذیل کو مساوی کہا ہے الغرض وہ رسالہ مجموعہ قبائح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد خدا و نعت مصطفے علیہ الصلوۃ والثنا و علی آلہ واصحابہ اسیر بحر الرحمن عاجز عباد الرحمن گذارش کرتا ہے کہ جو صاحب
مولوی [illegible] صاحب [illegible] اس مسئلہ میں [illegible] ہیں [illegible] عبد النبی یا غلام پیر وغیرہا ہوگا
وہ [illegible] باعث [illegible] ہوگا اور [illegible] گناہوں کا مواخذہ ہوگا گویا [illegible] لہذا
احقاق حق و ابطال باطل عاجز نے اس مسئلہ میں ایک فتوی لکھا اور اس پر دستخطہای حضرات علماء مشاہیر ہند و کلکتہ اسکو
مسجل کرا کے چھپوا کر شائع کرتا ہے تاکہ برادران اہل اسلام [illegible] اس مسئلہ میں حق ظاہر ہو اور کوئی صاحب [illegible] شرع کے [illegible]
پڑکر صراط مستقیم سے [illegible] ہوں **استفتاء** کیا فرماتے ہیں حضرات علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ
میں کہ غلام پیر و غلام غوث و عبد النبی و عبد الرسول وغیرہ نام رکھنا شرعاً جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا **الجواب**
رب زدنی علما اس قسم کا نام رکھنا شرک فی الاسماء و اقل درجہ ایہام شرک سے خالی نہیں ہے اور شرعاً ہرگز ہرگز جائز نہیں ہے
چنانچہ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ قدس سرہ قرآن پاک کے فارسی ترجمہ میں فرماتے ہیں کہ شرک در تسمیہ نیز ہست
از شرک چنانچہ اہل زمان با غلام فلان و عبد فلان نام می نہند انتہی اور حضرت ممدوح نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمایا ہے
وسمی نفسہ عبد [illegible] کعبد المسیح وعبد العزی وھذا امر فی جمہور الیہود والمشرکین وفی بعض الغلاۃ
من منافقی دین محمد صلعم [illegible] انتہی اور حضرت مولانا شاہ عبد العزیز قدس سرہ العزیز نے تفسیر فتح العزیز
میں بیان انواع شرک میں فرمایا ہے وازانجملہ آنست کہ در نام نہادن [illegible] عبد فلان [illegible] گویند و [illegible]
در تسمیہ است انتہی وفی التحفۃ لا یجوز التسمیۃ بملک الملوک لان ذلک لیس من اسماء [illegible] عبد النبی او الکعبۃ او
الدار او علی او الحسین لایہام الشرک انتہی وفی المرقاۃ شرح [illegible]
شاع فیما بین الناس انتہی وفی شرح الفقہ الاکبر [illegible]
الا ان اراد بالعبد العبد المملوک انتہی وفی شرعۃ الاسلام [illegible]
انتہی وفی [illegible] الانوار [illegible]
فیما آتاہما بتسمیتہ عبد الحارث وکان ینبغی ان یکون عبد اللہ تعالی [illegible]
سمرۃ عن النبی صلعم قال لما ولدت حواء طاف بہا ابلیس وکان لا یعیش لہا ولد فقال سمیہ عبد الحارث فانہ یعیش
فسمتہ فعاش فکان ذلک من وحی الشیطان وامرہ رواہ الحاکم وقال صحیح والترمذی وقال حسن غریب انتہی وفی [illegible]
[illegible] فی العبودیۃ [illegible] من [illegible]

مدرس اول مدرسہ عالیہ کلکتہ ؛ الجواب صحیح عبد الرحیم عفی عنہ مدرس دوم مدرسہ عالیہ ؛ جواب صحیح محمد اسمعیل عفی عنہ
مدرس سوم مدرسہ عالیہ ؛ لا ریب انہ حق سعادت حسین مدرس پنجم مدرسہ عالیہ ؛ الجواب صحیح محمد لطف الرحمن عفی عنہ مدرس
ششم مدرسہ عالیہ ؛ المجیب مصیب ابو اسحاق محمد عبد الرزاق مدرس مدرسہ عالیہ ؛ جواب درست ہے عبد الرؤف مدرس مدرسہ
عالیہ ؛ لقد حصحص الحق عبد الحمید غفر لہ مدرس مدرسہ عالیہ ؛ محمد علی رضا مدرس مدرسہ عالیہ ؛ عبد الکریم مدرس مدرسہ عالیہ ؛
لله در المجیب محمد حاتم عفی عنہ ؛ ما قالہ العلماء الفحول ہو الحری بالقبول محمد عبد الحق عفی عنہ ؛ جواب صحیح ہے محمد سلیم الدین ؛
انہ ہو الحق والاتباع بہ احق احمد حسین غفر لہ رب الثقلین ؛ من اجاب فقد اصاب ابو الطیب محمد عبد الفتاح المعروف بقاضی الدین ؛
؛ الجواب صحیح تجمل علی عفی عنہ

اور مولوی قصور یصاحب کے معتقدین من الحائکین نے یہ بے پر کی اڑائی ہے کہ قوم نداف میں اہل اسلام کے ہاتھ کا ذبیحہ
نا درست ہے اور قریب دو مہینے کے محلہ ملائی بستی مضافات شہر کلکتہ میں اس بات کا نہایت شور و غل رہا آخر یہ جھگڑا میرے
نزدیک آیا اور مجھکو ایک فتوا لکھنا ہوا الحمد لله کہ مولوی قصوری صاحب اس مسئلہ میں راقم الحروف کے موافق ہوئے اور بتاریخ
یکم صفر المظفر سنہ ١٣١١ھ روز جمعہ کو بر سر منبر اسکا جواز بیان کیا میں جناب باری میں دست بدعا ہوں کہ حضرت ہادی حقیقی
قصوری صاحب کو ہدایت کرے اور ہر مسئلہ میں علماء کبار و فضلاء ذوی الاقتدار فرقہ ناجیہ اہل السنۃ والجماعۃ کے موافقت کی
انکو توفیق بخشے آمین ثم آمین یا رب العالمین ؛ وہ فتوا یہ ہے

استفتاء

کیا فرماتے ہیں حضرات علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ قوم نداف سے ایک شخص اہل اسلام نے عید الضحی میں
قربانی کا ایک جانور ذبح کیا چند لوگوں نے اس قربانی کے گوشت کو نہ لیا اور یہ کہا کہ ندافوں کے ہاتھ کا ذبیحہ نا درست ہے پس
آیا ندافین مسلمین کا ذبیحہ درست ہے یا نہیں بینوا توجروا

الجواب

رب زدنی علما جمیع اہل
اسلام کا ذبیحہ درست ہے عام اس بات سے کہ ذابح کسی قوم سے ہو کیونکہ حلت مذبوح کیواسطے ذابح کا اہل اسلام یا کتابی ہونا شرط
ہے کما فی جامع الرموز وشرط لحل الذبح کون الذابح مسلما او کتابیا الخ وفی الہدایۃ واما شرائط الذکوۃ الی قولہ
ومنہا ان یکون مسلما او کتابیا فلا تؤکل ذبیحۃ اہل الشرک والمرتد الخ وفی الدر المختار وشرط کون الذابح مسلما حلالا
خارج الحرام الخ پس نداف اہل اسلام کا ذبیحہ حلال ہے اسکو جو حرام کہتا ہے وہ شئی حلال کو حرام کہتا ہے اور شئی حلال کو حرام کہنا
والا بہت بڑے گناہ کا مرتکب ہے ہکذا حکم الکتاب واللہ اعلم بالصواب ؛ حررہ احقر الوری ابو الفتح محمد عبد الشکور عفی عنہ

الجواب صحیح محمد لطف الرحمن ؛ لقد حصحص الحق امین الدین احمد غفر لہ الصمد ؛ نعم الجواب عبد الحمید غفر لہ

تمت

ذلك قال فی المدارک التنزیل جعلا له شرکاء ای جعلا اولادهما شرکاء علی حذف المضاف واقامة المضاف الیه مقامه

وکذلک قوله فیما آتاهما ای آتاهما اولادهما دلیله فتعالی الله عما یشرکون حیث جمع الضمیر وآدم وحواء بریان من الشرک ومعنی

اشراکهم فیما آتاهم الله تسمیتهم اولادهم بعبد العزی وعبد مناف وعبد الشمس ونحو ذلک مکان عبد الله وعبد الرحمن و

الرحیم او یکون الخطاب لقریش الذین کانوا فی عهد رسول الله صلعم وهم آل قصی ای هو الذی خلقکم من نفس قصی وجعل من

جنسها زوجها عربیة قرشیة لیسکن الیها فلما آتاهما ما طلبا من الولد الصالح السوی جعلا له شرکاء فیما آتاهما حیث سمیا اولادهما

الاربعة بعبد مناف وعبد العزی وعبد قصی وعبد الدار وضمیر یشرکون لهما ولاعقابهما فی الشرک انتهی ما فی المدارک ولما

کان نسبة العبد الی غیر الله تعالی مثل عبد الحارث وعبد النبی وعبد الرسول وغیره شرک فی التسمیة والانبیاء معصومون

عن الشرک قال البیضاوی بعد ذکر قصة ابلیس مع حواء وامثال ذلک لا یلیق بالانبیاء فالاولی ان لا ینسب مثل هذا الی الانبیاء

وما قیل فی دفع هذه الشبهة ان هذا لیس باشراک فی العبادة بل قصدا الی ان الحارث کان سببا لنجاة الولد وسلامته

فعندی ایضا لا یلائم لشان الانبیاء لان هذا ایضا من قبیل الاشراک لان فی هذا یلزم اعتقاد ان تسمیة عبد الحارث

موجب للحیوة وسلامة الام ولیس کذلک فافهم وقال القاری فی شرح المشکوة لا یجوز مثل عبد الحارث وعبد النبی

وغیرهما مما شاع فیما بین الناس انتهی وقال ابن حجر المکی فی التحفة ویحرم ملک الملوک لان ذلک لیس لغیر الله تعالی وکذا

عبد النبی او الکعبة او الدار او علی والحسین لایهام الشرک انتهی وبطل قول من یقول ان الاعلام لا یلزم

قصد معانیها الاصلیة کما نشاهد فی ملک الهند یقول لمن یولد فی الرمضان رمضانی وفی الربیع الاول وفی المحرم

وفی الیوم الجمعة جمعه وفی الیوم الثلثاء منگل الی غیر ذلک فیلزم علی الموحد ان یجتنب عن موهم الشرک انتهی کذا فی

الکتاب والله اعلم بالصواب - حرره احقر الوری ابو الفتح محمد عبد الشکور حنفی عفی عنه دستخطہای

مشاہیر علماء ہندوستان یہ جواب صحیح ہی بلا ریب برای ممانعت اس تسمیہ کے نقل یک کتاب بھی کافی ہی

چہ جائی اتفاق استمہ ربانی و مجیبین و مصنفین کا ہو تو اب کیا کلام باقی رہا بیشک تسمیہ بہ عبد غیر اللہ مین کراہة ظاہری

و ایہام شرک و بدا باطنی موجود ہی اور یہ ناشکری خدا تعالی کے کہ معطی مطلق وہ ہی اور نسبت اور نام زد اوسکو اوسکے غیر کے

ساتھ کرنے میں کفران ہی فقط واللہ اعلم بالصواب کتبہ العبد المذنب عبد الرحمن پانی پتی عفی عنہ ۱۴ ذیقعدہ

الجواب صحیح والمجیب مصیب رشید احمد گنگوہی عفی عنہ الجواب صحیح محمد ارزانعلی ساکن گنگوہ

الجواب صحیح محمد ... الرحمن ساکن گنگوہ المجیب مصیب ابو محمد عبد الحق حنفی دہلوی دستخطہای

... الجواب صحیح ... سابق مدرس اول مدرسہ عالیہ اقول ما قال المشائخ الکبار محمد عبد الحی عفی عنہ

اشتہار واجب الاظہار

جمیع شائقین و الاکملین و تاجران کتب دین پر واضح و لائح ہو کہ عرصہ پانچ سال سے نیاز مند کا مطبع اس دار السلطنت شہر کلکتہ مین بہت ایزدی بصد آب و تاب جاری ہے اور حسب فرمائش حضرات علما و روسا و تاجران کتابین وغیرہ باہتمام چھپتی ہین چھاپہ کی صفائی اور خط کی عمدگی کتاب ہذا و دیگر کتب مطبوعہ مطبع ہذا کے ملاحظہ سے حضرات پر معلوم ہین مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید فہرست کتب مطبوعہ و زیر طبع مطبع ہذا مع قیمت مندرجہ ذیل ہے جو صاحب کتاب کے طالب ہون وہ پارسال قیمت طلب فرمائین خواہ بذریعہ ویلیو پی ایبل منگائین انشاء اللہ فی الفور انکے حکم کی تعمیل ہوگی اور اگر کوئی کتاب چھپوانا منظور ہو تو بذریعہ خط و کتابت معاملہ طے ہو سکتا ہے انشاء اللہ تعمیل حکم مین تاخیر نہ ہوگی اور موافق وعدہ کے کتاب دیجاویگی علاوہ ازین ہر ایک علوم و فنون کی کتابوں کا ذخیرہ فروخت کیلیے موجود ہے حسب الطلب بکفایت روانہ ہو سکتے ہین

فہرست کتب موجودہ مطبع ہذا

قرآن مجید سی ورقی یہ قرآن مجید بصنعت جدید چھپا ہے یعنی ایک پارہ ایک ورق مین تیس پارے تیس ورقون مین ہین اور ہر سطر پر حرف واو واقع ہے اسکی خوبی دیکھنے سے متعلق ہے قیمت ۱۲ محصول ذمہ خریدار

واعظ الاعظم فی النجاۃ من نار جہنم مجموعہ خطب مترجم دوازدہ ماہی تصنیف ابن نباتہ مصری کا ترجمہ اردو زبان مین جناب مولوی عبد الرحیم صاحب مدرس مدرسہ عالیہ نے کیا ہے قیمت محصول ذمہ خریدار

اتمام الحجہ فی شرح ہدایت الحکمہ مصنفہ جناب مولوی محمد لطف الرحمن صاحب مدرس مدرسہ عالیہ نہایت خوشخط و پاکیزہ سفید کاغذ پر بہت عمدہ چھپی ہوئی موجود ہے قیمت ۱۴/ محصول ذمہ خریدار

فتح الحلیم در رد مذہبیان ۱۰/

ہدیۃ الشرفا در تحقیق تشریف رذیل ۸/

درۂ فاروقی در رد لامذہب ۱۰/

تنبیہ رذیل در رد لامذہب ۱۰/

فتح الشکور در ثبوت تقلید ۲/

خیر المتین در رد اقوال مولوی خیر الدین ۵/

عذاب الشدید فی تادیب اللبید مصنفہ جناب مولوی محمد عمر صاحب فاروقی یہ کتاب رد لامذہب مین ہے .. ۵/